شوال کے چھ روزے ثابت ہیں

کچھ حضرات نے کہا ہے کہ شوال کے چھ روزے ثابت نہیں ہیں، لیکن یہ بات صحیح نہیں ہے، شوال کے چھ روزے ثابت ہیں، اور اس کی بہت فضیلت آئی ہے، اس کے لئے حدیث یہ ہے

عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، أَنَّهُ حَدَّثَهُ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «مَنْ صَامَ رَمَضَانَ ثُمَّ أَتْبَعَهُ سِتًّا مِنْ شَوَّالٍ، كَانَ كَصِيَامِ الدَّهْرِ

مسلم شریف باب استحباب صوم ستۃ ایام من شوال، نمبر ۱۱۶۴ ترمذی شریف باب ماجاء فی صیام ستۃ ایام من شوال، نمبر ۷۵۹

اس حدیث میں ہے کہ رمضان کے بعد چھ روزے رکھے تو ایسا ہوا کہ پورا زمانہ روزہ رکھا، اس لئے اس کا انکار کرنا صحیح نہیں ہے۔ قاعدہ یہ ہے کہ حدیث میں کوئی چیز ثابت ہو جائے تو وہ کم سے کم سنت ہوتی ہے، البتہ اس کو حدود سے تجاوز کر کے رسم و رواج بنا لینا صحیح نہیں ہے، اور اس کو کھانے پینے کا دھندھا بنا لینا صحیح نہیں ہے، ثمیر الدین قاسمی،